03/04/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینبصارت گُل

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر میں پیٹرولیم مصنوعات ، رسوئی گیس اور اشیائے ضروریہ کا وافر سٹاک موجود ہے۔ اسمبلی کے باہر جموں میں نامہ نگاروں سے گفتگوکرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ یوٹی میں تمام ضروری اشیاءکا دو ہفتے کا سٹاک موجود ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے مغربی ایشیا کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر اعلی افسران کی ایک میٹنگ میں یونین ٹیریٹری میں ضروری اشیاءکی دستیابی اور تقسیم کا جائزہ لیا۔

میٹنگ میں ایل پی جی کی فراہمی کے حوالے سے بتایا گیا کہ جموں و کشمیر میں گھریلو طلب کا 100 فیصد پورا کیا جارہا ہے اور سپلائی میں کوئی بڑی رکاوٹ نہیں ہے۔

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے بتایا کہ وادی میں ایل پی جی کا 15 دن کا سٹاک موجود ہے جبکہ مزید 18 دن کی سپلائی راستے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرول کا 12 اور ڈیزل کا 19 دن کا سٹاک موجود ہے۔ انتظامیہ نے عوام سے پرسکون رہنے اور افواہوں پر کان نہ دھرنے کی اپیل کی۔

پیٹرولیم

پیٹرولیم کی مرکزی وزارت کے سکریٹری نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے خوراک اور امور صارفین محکموں کے ایڈیشنل چیف سیکریٹریز اور پرنسپل سیکریٹریز کے ساتھ ایک میٹنگ میں ملک بھر میں ایندھن کی فراہمی کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔

ریاستوں اور یو ٹیز کو عوام کی راحت رسانی کے لئے اقدامات کرنے کی ہدایت دی گئی۔سکریٹری موصوف نے تمام ریاستوں اور یوٹیز کے تعاون کو سراہا اور فراہمی کے استحکام

کو یقینی بنانے اور عوامی اعتماد برقرار رکھنے کے لیے مسلسل نگرانی جاری رکھنے پر زور دیا۔

درخشاں

جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے اننت ضلعے کے عشمقام میں واقع حضرت سخی زین الدین ریشیؒ کے سالانہ عرس کی تقریب کے موقع پر ان کے آستان عالیہ پر روایتی زول فیسٹیول میں شرکت کی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر اندرابی نے کہا کہ روشنی پاکیزگی اور عقیدت کی علامت ہے جو دل کی تاریکی کو دور کرتی ہے۔ میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

امام

آل انڈیا امام آرگنائزیشن کے چیف امام ڈاکٹر عمر احمد الیاسی، جو آجکل کشمیر کے دورے پر ہیں، نے جموں و کشمیر میں درگاہوں اور مساجد کی ترقی کے عمل کو کافی سراہا ہے۔ انہوں نے وادی کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور عشمقام اور بابا ریشی کے روحانی مقامات پر حاضری دینے کے بعد سرینگر میں درگاہ شریف حضرت بل پر بھی حاضری دی۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر الیاسی نے وقف بورڈ کے کام کو قابل تعریف قرار دیتے ہوئے ڈاکٹر درخشاں اندرابی اور ان کی ٹیم کو مبارکباد دی۔

بجٹ

حکومت نے مالی سال2026-27 کے بجٹ تخمینوں کے تحت سرمایہ جاتی اخراجات کی حدیں مقرر کرنے کے لیے تفصیلی رہنما اصول جاری کئے ہیں، جن کا مقصد ترقیاتی منصوبوں پر بروقت فنڈس کی فراہمی اور
مو

ثر استعمال کو یقینی بنانا ہے۔ء

محکمہ خزانہ نے تمام انتظامی محکموں اور ضلع ترقیاتی کمشنروں کو منظور شدہ منصوبے اور پورٹل پر اپلوڈ کرنے کی ہدایت دی ہے، تاکہ مختص فنڈز کا 50 فیصد واگزار کیا BEAMS جاسکے۔

ضلع ترقیاتی کمشنروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اسمبلی ممبران اور دیگر عوامی نمائندوں سے مشاورت کے بعد مقررہ وقت کے اندر ضلع منصوبے تیار کر کے اپلوڈ کریں۔ منصوبہ بندی کے عمل میں حکومت اور معاشرے کے تمام طبقات کی شمولیت کو یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔

Good Friday

آجGood Friday کے منایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں آج ملک کے ساتھ ساتھ جموںو کشمیر کے گرجا گھروں میں خصوصی دعائیہ مجالس کا اہتمام ہو رہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ گڈ فرائڈے ہمیں حضرت عیسیٰ ؑ کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔

تردید

سائنس و ٹیکنالوجی محکمے نے سرینگر سے شائع ہونے والے ایک انگریزی روزنامے میں 31 مارچ 2026 کو شائع ہوئی اس خبر کی سختی سے تردید کی ہے، جس میں محکمے کے مطابق شمسی توانائی کی ترقی کی ایک نامکمل اور پرانی تصویر پیش کی گئی ہے۔ ایک وضاحتی بیان میں محکمے نے کہا کہ خبر میں دی گئی 79.48 میگاواٹ شمسی صلاحیت موجودہ صورتحال کی عکاسی نہیں کرتی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت19 اعشاریہ 8 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

…………………………………

……………………

……….